P.R.NO.09

# وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، علاقائی دفتر، ملتان

## Press Release

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا علاقائی دفتر ملتان کا دورہ

## وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے فیصلوں پر عملدرآمد کی ہدایات

**کھلی کچہریوں، دفاتر کے معائنوں اور دیگر اقدامات کے ذریعے غریب لوگوں کے مسائل حل کرنے میں ملتان دفتر کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ اعجاز احمد قریشی**

ملتان (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ملتان میں علاقائی دفتر کے دورہ کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے ایک اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ وہ اس دفتر کے ساتھ مل کر وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔ انہوں نے اپنے دفتر کے مقامی افسران کو بھی ہدایت کی کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں۔ اجلاس میں شریک تمام اداروں کے سربراہان نے وفاقی محتسب کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اجلاس میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کے افسران کے علاوہ میپکو (MEPCO)، نادرا، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور ایف آئی اے سمیت متعدد اداروں کے علاقائی سربراہان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ اجلاس کے دوران وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر ملتان کے افسران اور عملہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کئے بغیر ان کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔ وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب کو سال 2022ء کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ برس موصول ہونے والی 110,405 شکایات کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہیں جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ وفاقی محتسب نے پریس کانفرنس کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں، پنشنروں، قیدیوں بالخصوص قیدی خواتین اور بچوں کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی میڈیا کو آگاہ کیا۔ انہوں نے وفاقی محتسب کے افسران کی طرف سے کھلی کچہریوں کے انعقاد، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید استعمال کی تفصیلات بتاتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے فوری اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔


(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266


17 فروری 2023ء

# وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

## Press Release

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی علاقائی دفتر ملتان پہنچ گئے

# وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے فیصلوں پر عملدرآمد کی ہدایات

## کھلی کچہریوں، دفاتر کے معائنوں اور دیگر اقدامات کے ذریعے غریب لوگوں کے مسائل حل کرنے میں دفتر کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(      )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ملتان میں علاقائی دفتر کے دورہ کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے ایک اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ وہ اس دفتر کے ساتھ مل کر وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔ انہوں نے اپنے دفتر کے مقامی افسران کو بھی ہدایت کی کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں۔ اجلاس میں شریک تمام اداروں کے سربراہان نے وفاقی محتسب کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اجلاس میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کے افسران کے علاوہ میپکو (MEPCO)، نادرا، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور ایف آئی اے سمیت متعدد اداروں کے علاقائی سربراہان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ اجلاس کے دوران وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر ملتان کے افسران اور عملہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کئے بغیر ان کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔ وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب کو سال 2022ء کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ برس موصول ہونے والی 110,405 شکایات کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہیں جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ وفاقی محتسب نے پریس کانفرنس کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں، پنشنروں، قیدیوں بالخصوص قیدی خواتین اور بچوں کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی میڈیا کو آگاہ کیا۔ انہوں نے وفاقی محتسب کے افسران کی طرف سے کھلی کچہریوں کے انعقاد، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید استعمال کی تفصیلات بتاتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے فوری اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

17 فروری 2023ء